
لَبَّيْكَ اَللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ
لَبَّيْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْكَ
اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ

حاجیوں کے لئے انمول تحفہ

نقشۂ حج

مختصر آسان



www.darsequran.com

طریقہ حج

نہایت آسان — قدم بہ قدم

1 8 ذوالحج حج کا پہلا دن	غسل کریں یا وضو کریں	حج کرنے کی نیت کریں
تلبیہ کثرت سے پڑھتے رہیں	دو رکعت نماز نفل ادا کریں	نماز فجر کے بعد احرام باندھ لیں
ظہر سے پہلے منیٰ کیلئے روانہ ہو جائیں	منیٰ میں ظہر عصر مغرب اور عشاء ادا کریں	منیٰ میں تمام رات قیام کریں
فجر کی نماز کے بعد عرفات جائیں	2 حج کا دوسرا دن ہے آپ منیٰ میں ہیں	حج کا پہلا دن مکمل ہو گیا
عرفات میں ظہر اور عصر ادا کریں	سورج غروب ہونے تک عرفات میں قیام کریں	عرفات میں مغرب ادا نہ کریں
۷۰ کنکریاں اکٹھی کریں	مغرب اور عشاء ایک ساتھ ملا کر مزدلفہ میں ادا کریں	سورج غروب ہونے کے بعد مزدلفہ جائیں
تمام رات مزدلفہ میں قیام کریں	حج کا دوسرا دن مکمل ہو گیا	3 حج کے تیسرے دن آپ مزدلفہ میں ہیں
جانور کی قربانی کریں	جمرۃ العقبہ پر کنکریں ماریں	فجر پڑھے اور سورج نکلنے کے بعد منیٰ جائیں
حلق کروائیں (بال کٹوائیں)	احرام کھول دیں	مکہ مکرمہ میں مسجد الحرام میں جائیں
آب زمزم پئیں	دو رکعت مقام ابراہیم کے قریب ادا کریں	طوافِ زیارت کریں
صفا اور مروہ کے درمیان سعی کریں	مکہ مکرمہ میں قیام نہ کریں واپس منیٰ جائیں	حج کا تیسرا دن مکمل ہو گیا
تینوں جمرات پر سات سات کنکریاں ماریں	زوال کے بعد تینوں جمرات پر جائیں	4 حج کا چوتھا دن ہے آپ منیٰ میں ہیں
عبادت کیلئے منیٰ میں قیام کریں	حج کا چوتھا دن مکمل ہو گیا	5 حج کے پانچویں دن آپ منیٰ میں ہیں
۱۳ کی صبح صادق سے پہلے مکہ مکرمہ میں چلے جائیں	تینوں جمرات پر سات سات کنکریاں ماریں	زوال کے بعد تینوں جمرات پر جائیں
الوداعی طواف کریں	مکہ سے روانہ ہو جائیں	حج مکمل ہو گیا ہے (حج مبارک ہو)

فرض — واجب — سنت

ضروری نوٹ

اوپر دی گئی ہدایات آپکی رہنمائی کیلئے ہیں۔ کلر سکیم کے ذریعے ادائیگی حج کو اجاگر کیا گیا ہے۔ تیروں کی مدد سے حج کے طریقہ کو لمحہ بہ لمحہ خانوں کی مدد سے آپ کی رہنمائی کی گئی ہے۔ اگر آپ کسی چیز کے بارے میں مطمئن نہ ہوں تو آپ کسی مستند عالم دین سے رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں اور اگر حج گائیڈ میں کوئی غلطی ہو تو اپنی قیمتی آراء سے ہمیں مطلع فرمائیں۔

حج کی دُعائیں

جب احرام باندھنے کا ارادہ (نیت) کریں تو پہلے غسل کریں اور وضو کر لینا بھی کافی ہے احرام باندھنے کے بعد دو رکعت نفل پڑھیئے۔ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ اور دوسری رکعت میں سورۃ قُلْ هُوَ اللّٰهُ پڑھنا افضل ہے سلام پھیر کر سر سے چادر اُتار دیں اور پھر یہ دعا پڑھیں:

حج کی نیت اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اُرِيْدُ الْحَجَّ فَيَسِّرْهُ لِیْ وَتَقَبَّلْهُ مِنِّیْ

تلبیہ لَبَّيْكَ اَللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْكَ اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ

مسجد حرام میں داخل ہونے کی دُعا بِسْمِ اللّٰهِ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ رَبِّ اغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ

جاب بیت اللہ پر نظر پڑے اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ (3 مرتبہ پڑھیئے)

طواف شروع کرنے کی دُعا حجر اسود کی طرف منہ کر کے دونوں ہاتھ کانوں کے برابر اٹھا کر یہ دعا پڑھیں
بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ (اور حجر اسود کا استلام کریں)

طواف کی دُعا سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِيْمِ

رُکن یمانی سے حجر اسود تک کی دُعا رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ وَاَدْخِلْنَا الْجَنَّةَ مَعَ الْاَبْرَارِ يَا عَزِيْزُ يَا غَفَّارُ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ

مقام ابراہیم کی طرف جاتے ہوئے پڑھیئے وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى


آب زمزم پینے کے بعد کی دُعا اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ عِلْمًا نَّافِعًا وَّرِزْقًا وَّاسِعًا وَّشِفَاءً مِّنْ كُلِّ دَاءٍ

صفا و مروہ کی سعی کرنے کی دُعا (حجر اسود کا نواں استلام سعی کرنے سے پہلے کریں) لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِیْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ اَنْجَزَ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ

دعا کا طالب
بیگم سید ابرار حسین و فیملی ممبران
برائے ایصالِ ثواب
سید ابرار حسین (مرحوم)
مسلمین و مسلمات

لَبَّيْكَ اَللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ ط لَبَّيْكَ لَاشَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْكَ ط اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ ط لَاشَرِيْكَ لَكَ

لَبَّيْكَ اَللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ ط لَبَّيْكَ لَاشَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْكَ ط اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ ط لَاشَرِيْكَ لَكَ



نوٹ: دائروں میں نمبرز آپ کی رہنمائی کررہے ہیں کہ آپ کہاں ہیں اور اب کیا کرنا ہے؟

نوٹ: احرام باندھنے سے پہلے غسل کریں، اگر نہ کرسکیں تو وضو کرلیں۔

1 حجراسود سے اللہ اکبر کہتے ہوئے طواف شروع کریں۔ طواف کے دوران تیسرا کلمہ یا کوئی اور دعا پڑھیں

2 8 ذوالحج کو منیٰ چلے جائیں۔

3 منیٰ میں قیام کے دوران پانچ نمازیں (ظہر تا فجر) مکمل کریں۔

4 9 ذوالحج کو طلوع آفتاب کے بعد منیٰ سے عرفات کو جائیں۔

5 عرفات میں قیام کریں ہوسکے تو مسجد نمرہ میں خطبہ حج سنیں اور (ظہر و عصر) اکٹھی پڑھیں۔
نوٹ: اگر آپ اپنے خیموں میں ہیں تو پھر ظہر اور عصر اپنے اپنے وقت پر ادا کریں۔

6 غروب آفتاب کے بعد عرفات سے مزدلفہ کو روانگی کے دوران تلبیہ پڑھتے جائیں۔

7 مزدلفہ پہنچ کر نماز مغرب اور عشاء ملا کر ادا کریں اور وہیں سے 49 کنکریاں چنیں۔

8 10 ذوالحج فجر کی نماز مزدلفہ میں ادا کریں۔ طلوع آفتاب کے بعد مزدلفہ سے منیٰ روانہ ہوجائیں۔ (نوٹ: اگر آپ چاہیں تو مزدلفہ سے سیدھے بڑے جمرہ کو کنکریاں مار کر بھی خیموں میں جاسکتے ہیں)

9 10 ذوالحج منیٰ میں اپنے خیموں میں جاکر سامان وغیرہ رکھ کر کھانا کھائیں (اگر چاہیں تو کچھ دیر آرام کرلیں)

10 تلبیہ پڑھتے ہوئے جمرات کی طرف جائیں بڑے جمرہ کے قریب جاکر تلبیہ پڑھنا بند کردیں اور اَللّٰهُ اَكْبَر کہتے ہوئے بڑے جمرہ کو 7 کنکریاں ماریں۔

11 جمرۃ العقبہ کی رمی کے بعد قربانی کے لئے تشریف لے جائیں اور قربانی کریں۔

12 قربانی 12,11 ذوالحج کو بھی کی جاسکتی ہے۔

13 قربانی کرنے کے بعد حلق کروائیں (بال کٹوائیں)۔

14 اُسترے سے حلق کرانا افضل ہے۔ قصر بھی کراسکتے ہیں۔ عورتوں کو اپنی انگلی کے ایک پورے کے برابر بال کاٹنے چاہیں۔
(یادرہے کہ عورتوں کا غیر محرم سے بال کٹوانا حرام ہے)

10 ذوالحج کنکریاں مارنے کا وقت طلوع آفتاب سے شروع ہوکر صبح صادق طلوع ہونے سے پہلے تک ہے۔

15 حلق (بال کٹوانے) کے بعد اَب احرام کھول دیجئے۔

16 غسل کرنے کے بعد اب آپ ہر طرح کا لباس پہن سکتے ہیں۔

17 منیٰ میں 12,11,10 ذوالحج تک قیام کرنا ضروری ہے۔

18 منیٰ سے طواف زیارت کے لئے خانہ کعبہ چلے جائیں۔

19 طواف زیارت کے سات چکر لگائیں۔ طواف زیارت حجراسود سے شروع کریں۔

طواف زیارت 10 ذوالحجہ سے لیکر 12 ذوالحجہ کی غروب آفتاب سے پہلے کسی بھی وقت کیا جاسکتا ہے

دوران طواف تیسرا کلمہ پڑھیں اور دعائیں مانگیں۔ (دعا حالتِ طواف میں مقبول ہوتی ہے)
رُکن یمانی سے حجراسود تک ہر چکر میں رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا الخ پڑھیں۔

20 طواف مکمل کرنے کے بعد مقام ابراہیم کے نزدیک دو رکعت نماز (طواف) ادا کریں۔

21 زمزم پر جاکر خوب سیر ہوکر پئیں اور یہ دعا پڑھیں اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ عِلْمًا نَّافِعًا الخ

22 حجراسود کا نواں استلام کریں۔ اَب سعی کے لئے صفا پر چلے جائیں اور تین مرتبہ اَللّٰهُ اَكْبَر کہتے ہوئے صفا و مروہ کی سعی شروع کریں۔ سعی کے دوران یہ دعا پڑھیں لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الخ
ایک چکر صفا سے مروہ تک، پھر مروہ سے صفا تک دُوسرا چکر مکمل ہوجائے گا۔

23 سعی مکمل کرنے کے بعد اب منیٰ میں جاکر ٹھہرنا ضروری ہے (مکہ میں نہیں ٹھہر سکتے)۔

24 11 ذوالحج منیٰ میں قیام کریں۔ (تلاوت، عبادت، ذکر و اذکار اور دعائیں کریں)

25 11 ذوالحج زوال کے بعد تینوں جمرات کو سات سات کنکریاں مارنی ہیں۔

26 چھوٹے جمرہ کو 7 کنکریاں مارنے کے بعد دُعا کریں پھر درمیانے کو 7 کنکریاں مار کر دعا کریں آخر میں بڑے جمرہ کو 7 کنکریاں ماریں۔ نوٹ: اب دُعا نہیں کرنی۔

27 کنکریاں مار کر واپس اپنے خیموں میں چلے جائیں اور رات منیٰ میں ہی قیام کریں۔

11 ذوالحج کنکریاں مارنے کا وقت زوال آفتاب (ظہر کے بعد) سے لے کر صبح صادق طلوع ہونے سے پہلے تک ہے۔

28 12 ذوالحج کو زوال آفتاب کے بعد کنکریاں مارنے کے لئے جائیں۔

29 تینوں جمرات کو اس ترتیب سے کنکریاں ماریں جس طرح 11 ذوالحج کو ماری تھیں۔

30 اب کنکریاں مار کر آپ مکہ کو چلے جائیں۔ اَب آپ کا حج مکمل ہوگیا۔

نوٹ: اگر آپ منیٰ کی حدود سے 13 ذوالحج کی صبح صادق ہونے سے پہلے نہیں نکل سکے تو پھر آپ کو 13 ذوالحج کو زوال کے بعد کنکریاں مار کر مکہ مکرمہ واپس آنا ہوگا۔

31 جب واپس اپنے ملک یا بدینہ منورہ کو جانا ہو تو واپسی سے پہلے پھر طواف وداع کرنا ضروری ہے۔



مدینہ منورہ روانگی

1 ادب و آداب کے ساتھ درود شریف پڑھتے ہوئے مدینہ کا سفر کریں۔

2 مدینہ منورہ پہنچ کر سب سے پہلے مسجد نبوی کی زیارت کے لئے جانا چاہیئے۔

3 باب السلام سے مسجد میں داخل ہونا افضل ہے۔

4 دو رکعت نماز نفل تحیۃ المسجد (اگر موقع ملے تو ریاض الجنۃ میں ادا کریں۔


5 بڑے احترام کے ساتھ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ مُبارک پر حاضری کیلئے جائیں۔

6 سب سے پہلے نبی پاک ﷺ کی خدمت میں درود و سلام پھر شیخین ابوبکرؓ و عُمرؓ پر سلام بھیجیں۔

7 جنت البقیع کی حاضری دیں۔ صحابہ کرامؓ، ازواج مطہرات خصوصاً سیدنا عثمان غنیؓ اور اُم المومنین سیدہ عائشہ صدیقہؓ کی قبروں پر حاضری دیں۔

12 ذوالحج کنکریاں مارنے کا وقت زوال آفتاب (ظہر کے بعد) سے لے کر صبح صادق طلوع ہونے سے پہلے تک ہے۔

کل کنکریاں	جمرہ 3	جمرہ 2	جمرہ 1	تاریخ
7	7	x	x	10 ذوالحجہ
21	7	7	7	11 ذوالحجہ
21	7	7	7	12 ذوالحجہ
21	7	7	7	13 ذوالحجہ



ABRAR SONS
Phone: 021-2761199